© rasailojaraid.com



## شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ ــــــ ایک سیاسی مطالعہ

محترم ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہان پوری نے اس کتابچہ میں شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ کے متعدد خطبات و فتاوی اور خطوط و پیغامات کو مرتب کیا ہے جن سے اس دور کے سیاسی حالات اور حضرت شیخ الہندؒ کی جدوجہد کو بہتر طور پر سمجھا جا سکتا ہے۔ ابتداء میں شیخ الہندؒ کے حالات اور خدمات پر ایک مضمون بھی شامل ہے۔ صفحات ۱۶۸، قیمت ۵۱/- روپے، ملنے کا پتہ: مجلس یادگار شیخ الاسلام قاری منزل مراد سٹریٹ ماکپستان چوک کراچی۔۱

## انجمن خدام کعبہ ــــ تاریخ قیام اور مقاصد و خدمات

خلافت عثمانیہ کے خلاف یورپین اقوام کی سازشوں میں اضافہ ہوا تو برصغیر کے مسلمانوں میں خلافت کے ساتھ ہمدردی و عقیدت اور خلافت کے زیر انتظام حرمین شریفین کے تقدس و ناموس کے تحفظ کے جذبات بیدار ہوئے اور مولانا عبد الباری فرنگی محلیؒ اور مولانا محمد علی جوہرؒ جیسے اکابر نے "انجمن خدام کعبہ" کے نام سے ایک تنظیم کی بنیاد رکھی۔ زیر نظر کتابچہ میں جناب ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہانپوری نے "انجمن خدام کعبہ" کے حالات و خدمات کا تذکرہ کیا ہے جو ہماری آزادی کی جدوجہد کا ایک اہم باب ہے۔ صفحات ۱۱۲ قیمت چالیس روپے۔ ملنے کا پتہ: ادارہ تصنیف و تحقیق ۹/۱ علیگڑھ کالونی کراچی ۱۴

## قطعات تاریخ

دورِ حاضر کے متعدد نامور اہل قلم و دانش کی وفات پر جناب شان الحق حقی نے قطعاتِ تاریخ لکھے جنہیں زیر نظر کتابچہ میں جمع کر دیا گیا ہے ان میں جگر مراد آبادی، احسان دانش، بابائے اردو مولوی عبد الحق اور جوش ملیح آبادی جیسے ممتاز حضرات بھی شامل ہیں۔ صفحات ۴۸ قیمت دس روپے۔ ملنے کا پتہ: مکتبہ ساجد علی گڑھ کالونی، کراچی - ۱۴

## ماہِ محرم اور مسلمان

ہفت روزہ الاعتصام لاہور کے فاضل مدیر جناب حافظ صلاح الدین یوسف نے ماہ محرم کے بارے میں ہمارے معاشرے میں پائی جانے والی بے سروپا روایات اور بدعات و رسوم پر مختلف اصلاحی مضامین لکھے جو زیر نظر کتابچہ میں یکجا کر دیے گئے ہیں۔ صفحات ۹۰ ناشر مکتبہ ضیاء الحدیث مصطفےٰ، لاہور

© rasailojaraid:com